یو بی ایل فنانسنگ کے عوض لیکوئیڈ سیکیوریٹیز (سہولت لون)

ایس ایم ای پروڈکٹس اور سروسز

یو بی ایل سہولت لون آپ کو اپنی سیونگز برقرار رکھتے ہوئے اسے بڑھانے کے ساتھ ساتھ نقد رقم تک رسائی فراہم کرتا ہے۔ آپ اپنے کاروباری اہداف پورے کرنے کے لیے اپنی سیونگز کے عوض قرض حاصل کر سکتے ہیں۔

یو بی ایل لیکوئیڈ سیکیوریٹیز - سہولت لون

تعارف

یو بی ایل سہولت لون آپ کو اپنی سیونگز برقرار رکھتے ہوئے اور اس میں اضافہ کرتے ہوئے با آسانی نقد رقم تک رسائی فراہم کرتا ہے۔ آپ اپنے کاروباری مقاصد پورے کرنے کے لیے اپنی سیونگز کے عوض قرض حاصل کر سکتے ہیں۔

یو بی ایل سہولت لون آپ کو اپنی سیونگز برقرار رکھنے کے ساتھ ساتھ، اس میں اضافہ کرتے ہوئے اپنے کاروبار کو وسعت اور ترقی دینے، کاروباری ورکنگ کیپیٹل کی ضروریات پوری کرنے اور /یا کاروباری اثاثوں کے لیے فنانسنگ حاصل کرنے کا موقع فراہم کرتا ہے۔ یو بی ایل سہولت لون، یو بی ایل ڈپازٹ، سرکاری سیکیوریٹیز بشمول DSCs، SSCs اور RICs اور منتخب یو بی ایل میوچل فنڈز وغیرہ کے عوض حاصل کیا جا سکتا ہے۔

نمایاں فیچرز

- 90 فیصد تک فنانسنگ کی دستیابی
- مالی اعانت کی فوری دستیابی
- متعدد کریڈٹ سہولیات بشمول رننگ فنانس، ٹرم لون، ایل سی اور ایل جی
- پرسنلائزڈ ریلیشن شپ منیجمنٹ

معیارِ اہلیت

- متعلقہ کاروبار میں تجربہ
- کم از کم 21 سال اور زیادہ سے زیادہ 65 سال عمر

مطلوبہ دستاویزات

- کسٹمر کی درخواست (لون ایپلیکیشن فارم)
- مستند قومی شناختی کارڈ
- لیکوئیڈ سیکیوریٹیز کے دستاویزات کی نقل

برائے رابطہ: 0800-55-825

اکثر کیے جانے والے سوالات - سہولت لون

۱۔ سہولت لون کیا ہے؟

سہولت لون پروڈکٹ آپ کی انویسٹمنٹ کے عوض فراہم کی جانے والی قرض کی ایک سہولت ہے، جس میں شامل ہے:

- نیشنل سیونگز سینٹرز سے جاری کردہ قابل اطلاق سرٹیفکیٹس
- ڈیفنس سیونگز سرٹیفکیٹس (DSCs)
- اسپیشل سیونگز سرٹیفکیٹس (SSCs)
- ریگولر انکم سرٹیفکیٹس (RIC)
- یو بی ایل کے ساتھ ڈپازٹس (پاکستانی روپے/غیر ملکی کرنسی)
- منتخب کردہ یو بی ایل میوچوئل فنڈز
- پریمیم پرائز بانڈ

کیا شامل نہیں ہے:

بینک اس PPM کے تحت قرض فراہم نہیں کرے گا

- پرائز بانڈز کے عوض فنانسنگ
- شیئرز/اسٹاکس کے عوض فنانسنگ
- کسی بھی قسم کے میوچوئل فنڈز کے عوض فنانسنگ
- نابالغوں کے نام پر سیکیورٹیز

۲۔ کیا میں فریق ثالث کی انویسٹمنٹ کے عوض کریڈٹ کی سہولت حاصل کر سکتا ہوں؟

جی، فریق ثالث سے فراہم کردہ ضمانت پر ایسا قابلِ قبول ہے تاہم، نابالغوں کے نام پر جاری کردہ سیکیورٹیز اور حکومتِ پاکستان کے نیشنل سیونگز سینٹر کی جانب سے جاری کردہ سرٹیفکیٹس اس سے مستثنیٰ ہیں۔

۳۔ میں کس مقصد کے تحت میں یہ قرض لے سکتا ہوں؟

یہ قرض کاروباری یا کسی بھی ذاتی مقصد کے تحت حاصل کیا جا سکتا ہے۔

۴۔ میں اپنی انویسٹمنٹ کے عوض کتنا قرض لے سکتا ہوں؟

اس کا انحصار آپ کی انویسٹمنٹ کی نوعیت اور ضرورت پر منحصر ہے۔

انویسٹمنٹ کی نوعیت	زیادہ سے زیادہ قرض کی حد
NSC'c (DSCs/SSCs/RICs)	90%
یو بی ایل کے ساتھ ڈپازٹس (پاکستانی روپے/غیر ملکی کرنسی)	90%
پریمیم پرائز بانڈ	90%

۵۔ **فنانسنگ کی دیگر کون سی سہولیات دستیاب ہیں؟**

کاروباری مقصد کے لیے: آپ کی کاروباری ضروریات کو پورا کرنے کے ہر قسم کی سہولیات دستیاب ہیں جن میں رننگ فنانس کی سہولت، ٹرم فنانس، لیٹر آف کریڈٹ، LG، FIM اور FATR وغیرہ شامل ہیں۔

ذاتی مقصد کے لیے: آپ رننگ فنانس اور/یا ٹرم فنانس حاصل کر سکتے ہیں۔

۶۔ **ٹرم فنانس کے لیے زیادہ سے زیادہ مدت کیا ہے؟**

ٹرم فنانس کی سہولت ایک (1) سال سے پانچ (5) سال تک کے لیے دستیاب ہے۔

۷۔ **میں کم سے کم کتنا قرض حاصل کر سکتا ہوں؟**

کاروبار 100,000/-

تنخواہ دار/ذاتی کاروبار کرنے کے والے 100,000/-

۸۔ **قرض کے لیے کون درخواست دے سکتا ہے؟**

کاروباری مقصد کے لیے: انفرادی/پروپرائیٹر شپ، پارٹنر شپ، پرائیوٹ لمیٹڈ کمپنیز

ذاتی ضرورت کے لیے: مستقل تنخواہ دار اور ذاتی کاروبار کرنے والے افراد

۹۔ **میری انویسٹمنٹ مشترکہ اکاؤنٹ کے تحت ہے، کیا میں اس کے عوض قرض حاصل کر سکتا ہوں؟**

جی، آپ اس کے عوض قرض حاصل کر سکتے ہیں۔

۱۰۔ **کیا میں ایک سے زائد قرض لے سکتا ہوں؟**

جی، آپ ایک سے زائد قرض لے سکتے ہیں۔

۱۱۔ **قرض کی درخواست کے لیے شرائط کیا ہیں؟**

کاروباری مقصد کے لیے: فنانشل اسٹیٹمنٹ، مستند قومی شناختی کارڈ، کاروبار کا کوئی بھی ثبوت

تنخواہ دار افراد کے لیے: ۶ ماہ کے بینک اسٹیٹمنٹس، کم از کم دو (2) سال کا تجربہ (مستقل ملازمت)، 21 سے 65 سال عمر، مستند قومی شناختی کارڈ، تنخواہ کی حالیہ رسید، رہائشی گھر میں وصول کیا جانے والا کوئی حالیہ بل

ذاتی کاروبار کرنے والا فرد: مستند قومی شناختی کارڈ، 21 سے 65 سال عمر، کم از کم دو (2) سال کا تجربہ (مستقل ملازمت)، ۶ ماہ کے بینک اسٹیٹمنٹس، پروپرائیٹر شپ بینک لیٹر، رہائشی گھر میں وصول کیا جانے والا کوئی حالیہ بل، فنانشلز- چارٹرڈ اکاؤنٹ سے تصدیق شدہ آمدنی کا تخمینہ

۱۲۔ **میں قرض کس طرح حاصل کر سکتا ہوں؟**

ہم آپ کی درخواست اپنے ریلیشن شپ منیجر کو بھیجیں گے جو آپ کی ضروریات پر بات کرنے کے لیے آپ سے رابطہ کرے گا۔

۱۳۔ **کیا میں اپنے قرض کی قبل از وقت ادائیگی کر سکتا ہوں؟**

قرض کی مدت سے قبل از وقت قرض کی ادائیگی کرنے پر کوئی پابندی نہیں ہے۔ پرنسپل اور مارک اَپ کی ادائیگی اس کے مطابق کی جائے گی اور مارک اَپ کا اطلاق استعمال شدہ دونوں کی بنیاد پر ہوگا۔

۱۴۔ **کیا مجھے انویسٹمنٹس سے حاصل ہونے والے منافع تک رسائی حاصل ہوگی؟**

جہاں یو بی ایل کے پاس ڈیبٹ برقرار رکھا جاتا ہے وہاں ڈپازٹس / سیونگز پر حاصل ہونے والے منافع تک رسائی دی جاتی ہے۔

ابھی درخواست دیں